نقد و نظر

فتاویٰ علمائے حدیث

مرتب : مولانا ابوالحسنات علی محمد سعیدی

ناشر : مکتبہ سعیدیہ۔خانیوال۔ضلع ملتان

مولانا ابوالحسنات علی محمد سعیدی قابلِ صد مبارک باد ہیں کہ وہ "فتاویٰ علمائے حدیث" کی ترتیب کا ایک اہم علمی کام کر رہے ہیں۔ اس فتاویٰ کی اب تک پانچ جلدیں بڑی عمدگی اور حسن و خوبی کے ساتھ شائع ہو چکی ہیں، جن کا مختصر تعارف درج ذیل ہے۔

جلد اوّل : یہ جلد کتاب الطہارۃ پر مشتمل ہے اور اس میں باب المیاہ، باب قضاء الحاجت، باب المسواک، باب الوضوء، باب المسح، باب التیمم، باب الغسل وغیرہ مع ضمنی عنوانات کے شامل ہیں۔ یہ جلد ۲۲۶ صفحات پر پھیلی ہوئی ہے اور اس کی قیمت صرف ۶ روپے ہے۔

جلد دوم : یہ جلد کتاب الصلوٰۃ کو محیط ہے اور اس میں باب تعمیر المساجد، باب تولیتِ مساجد، باب اوقاف المساجد، باب آدابِ مساجد، باب مسجد ضرار، باب اوقاتِ نماز، باب الاذان والاقامۃ، باب الامامت وغیرہ پوری تفصیل اور ذیلی عنوانات کے ساتھ مندرج ہیں۔ یہ جلد ۲۶۴ صفحات کو محتوی ہے اور قیمت دس روپے ہے۔

جلد سوم : یہ جلد بھی کتاب الصلوٰۃ کا احاطہ کئے ہوئے ہے اور ذیلی و ضمنی عنوانات کے علاوہ باب الجماعت، باب السترۃ، باب الصف، باب النیت، باب وضع الیدین، باب القرآت، باب الرکوع، باب رفع الیدین، باب التامین، باب مدرک الرکوع، باب التشہد، باب السہو، باب الوتر، باب القنوت، باب الدعا بعد الصلوٰۃ وغیرہ اس کے حیطۂ بحث میں شامل ہیں۔ یہ جلد

۴۴۲ صفحات تک چلی گئی ہے اور قیمت ۱۵ روپے ہے ـــــ ہمارے پیش نگاہ یہ تینوں جلدیں یک جا مجلد ہیں، جلد دیدہ زیب ہے اور کل قیمت ۴۹ روپے ہے۔

جلد چہارم: یہ جلد بھی کتاب الصلوٰۃ پر مشتمل ہے اور باب الجمعہ، باب العیدین، باب السفر و القصر، باب الجمع بین الصلوتین، باب السنن والنوافل، باب الکسوف، باب التہجد، باب الاستخارہ، باب التسبیح، باب نماز استسقاء، باب جامع الصلوٰۃ وغیرہ کو اپنے دامن صفحات میں گھیرے ہوئے ہے ان ابواب کے تحت ضمنی عنوانات بھی ہیں۔ یہ جلد ۳۱۲ صفحات کی ہے اور مجلد کی قیمت ۲۱ روپے ہے۔

جلد پنجم: یہ جلد کتاب الجنائز کے نام سے موسوم ہے اور اس ضمن کے تمام مسائل و مباحث اس کے دائرۂ تحریر میں شامل ہیں۔ اس جلد کے کل صفحات ۴۵۶ ہیں اور قیمت ۳۵ روپے ہے۔ جلد دیدہ زیب ہے۔

"فتاویٰ علمائے حدیث" اپنے موضوع کا ایک بہترین علمی اور تحقیقی کارنامہ ہے۔ اردو زبان میں یہ ایک جامع اور مفصل فتاویٰ کا عمدہ مجموعہ ہے۔ تمام مباحث قرآن و حدیث اور فقہ کی روشنی میں بیان کیے گئے ہیں۔ مختلف مشاہیر اصحاب فتویٰ علما کی تحقیقات کو بڑی خوب صورتی سے مرتب کیا گیا ہے۔ معنوی خوبیوں کے ساتھ ساتھ کتابت، طباعت، کاغذ، جلد کا معیار بھی بلند ہے۔

فاضل مرتب کو یہ سلسلہ جاری رکھنا چاہیے تاکہ اردو دان حضرات، کتاب و سنت اور فقہ اسلامی کے نقطۂ نظر سے تمام ضروری مسائل دینیہ سے آگاہ ہو سکیں ـــــ

(م-ا-ب)

الحاد مغرب اور ہم

مصنف: ڈاکٹر غلام جیلانی برق

ناشر: علما اکیڈیمی محکمہ اوقاف، پنجاب، لاہور۔

صفحات: ۲۱۱ ـــ قیمت -/۳۵ روپے

برصغیر پاک و ہند میں پچھلی ڈیڑھ دو صدی سے الحاد مغرب کی جو مسموم آندھی چل رہی ہے، اس